ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (357)

مورخہ 02.07.24

**بہاول پور (          ) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر بہاولپور اسد سرفراز خان کی زیر کمانڈ جرائم پیشہ افراد کے خلاف گرینڈ آپریشن جاری، گزشتہ روز کی مختلف کارروائیوں میں 08 ملزمان گرفتار۔ بھاری مقدار میں شراب، منشیات واسلحہ ناجائز برآمد۔ جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری کارروائیوں کو مزید تیز کیا جارہا ہے، ڈی پی او بہاولپور اسد سرفراز خان**

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او بہاولپور اسد سرفراز خان کی طرف سے جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔ تھانہ صدر بہاولپور، ڈیرہ نواب، ڈیراور اور تھانہ عنائتی پولیس نے شراب فروشوں کے خلاف بھرپور کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 05 ملزمان فرحان، ملازم حسین، عمر فاروق، فیاض اور نذر حسین کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 257 لیٹر شراب برآمد کرلی۔ اسی طرح تھانہ سٹی احمد پور شرقیہ، نوشہرہ جدید اور تھانہ ہیڈ راجکاں پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 03 ملزمان اختر، باقر شاہ اور علی شیر کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 02 کلو 280 گرام گرام چرس برآمد کرلی۔ پولیس نے گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کر کے تفتیش شروع کر دی۔ اس موقع پر ڈی پی او بہاولپور اسد سرفراز خان نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرم جیسا بھی ہو قانون سے کسی صورت بچ نہیں سکتا، سماج دشمن عناصر کے خلاف جاری آپریشن کو مزید تیز کیا جارہا ہے، انہوں نے مزید کہا کہ جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائے گا۔

ترجمان بہاولپور پولیس



بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کی زیر کمانڈ جرائم پیشہ افراد کے خلاف گرینڈ آپریشن جاری گزشتہ روز کی مختلف کارروائیوں میں متعدد ملزمان گرفتار، بھاری مقدار میں شراب، منشیات واسلحہ ناجائز برآمد

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (358)

02.07.24

**بہاولپور( )پولیس کی جانب سے سمارٹ پولیسنگ کے ذریعے ماہ جون 2024 میں 449 مجرمان اشتہاری اور 75 عدالتی مفرور گرفتار کیئے گئے۔جدید ٹیکنالوجی کے استعمال سے جرائم پیشہ افراد کا تعاقب کیا جا کر انکو کیفر کردار تک پہنچانے کا سلسلہ مزید تیز کیا جائے،ڈی پی او اسد سرفراز خان کی افسران کو ہدایات**

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او بہاولپور اسد سرفراز خان نے جدید ٹیکنالوجی پر زور دیا۔اسی سلسلے میں جرائم پیشہ افراد کی سرکوبی کا سلسلہ جاری ہے۔گزشتہ ماہ بہاولپور پولیس نے سمارٹ پولیسنگ کے ذریعے چیکنگ کا سلسلہ جاری رکھتے ہوئے اور جدید ٹیکنالوجی کو بروئے کار لاتے ہوئے مجرمان اشتہاری اور عدالتی مفروران کے خلاف بھرپور کارروائیاں عمل میں لائی گئیں۔مجرمان اشتہاریوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے A کیٹگری کے 14 مجرمان اشتہاری اور B کیٹگری کے 435 مجرمان اشتہاری سمیت کل 449 مجرمان اشتہاریوں کو گرفتار کیا گیا۔اسی طرح عدالتی مفروران کے خلاف کارروائی عمل میں لاتے ہوئے A کیٹگری کے 02 اور B کیٹگری کے 73 سمیت کل 75 عدالتی مفروران کی گرفتاری عمل میں لائی گئی۔اس موقع پر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان نے پولیس افسران کو ہدایات جاری کیں کہ روزانہ کی بنیاد پر ایسی کارروائیوں کو مزید تیز کیا جائے،جدید تکنیکی استعارات کا استعمال جرم کو ہونے سے پہلے روک سکتا ہے۔جرائم پیشہ افراد کی نقل وحرکت کو مانیٹر کیا جا کر انکو انجام تک پہنچایا جائے جس کے وہ مستحق ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ فیلڈ میں تعینات افسران کی کارکردگی کا جائزہ ان کی طرف سے مجرموں کے گرفتاریوں اور عوام الناس کو دیئے گئے ریلیف سے لگایا جاتا ہے جس کی پیش نظر بہترین کارکردگی دکھانے والے افسران کو انعامات جبکہ ناقص کارکردگی پر سخت محکمانہ احتساب سے گزرنا پڑے گا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کی کمانڈ میں بہاولپور پولیس کی جانب سے مجرمان اشتہاری اور عدالتی مفروران کی گرفتاریوں کا سلسلہ جاری

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (359)

02.07.24

# بہاولپور( ) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر بہاولپور اسد سرفراز خان نے تھانہ صدر یزمان کی حدود میں اراضی تنازعہ میں تشدد سے زخمی ہونے والے شہری کی سول ہسپتال میں عیادت کی ،ڈاکٹرں سے ملاقات کی جنہوں نے زیر علاج زخمی کو بہترین علاج معالجے کی سہولت دینے کی یقین دہانی کرائی۔

تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر بہاولپور اسد سرفراز خان نے تھانہ صدر یزمان کی حدود میں اراضی تنازعہ میں تشدد سے زخمی ہونے والے شہری کی سول ہسپتال میں عیادت کی، ڈاکٹرں سے ملاقات کی جنہوں نے زیر علاج زخمی کو بہترین علاج معالجے کی سہولت دینے کی یقین دہانی کرائی ،زخمی شہری کے لواحقین سے ملاقات کی اور پولیس تعاون کی مکمل یقین دہانی کروائی۔مقدمہ میں ملوث مرکزی ملزم گرفتار جبکہ 2 ملزمان ضمانت پر ہیں اور بقایا ملزمان کی گرفتاری کے لیے ڈی ایس پی یزمان کی سربراہی میں پولیس ٹیموں کا تحرک جاری ہے جن کو جلد گرفتار کر کے کیفر دار تک پہنچایا جائے گا اس موقع پر انہوں نے مزید کہا کہ بہاولپور پولیس کی طرف سے تشدد کے حوالے سے زیرو ٹالرنس ہے کسی کو قانون ہاتھ میں لینے کی اجازت نہیں۔ڈی پی او اسد سرفراز خان

ترجمان بہاولپور پولیس



بہاولپور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر بہاولپور اسد سرفراز خان نے تھانہ صدر یزمان کی حدود میں اراضی تنازعہ میں تشدد سے زخمی ہونے والے شہری کی سول ہسپتال میں عیادت کی، ڈاکٹرں سے ملاقات کی جنہوں نے زیر علاج زخمی کو بہترین علاج معالجے کی سہولت دینے کی یقین دہانی کرائی۔